# 15-08-2024 THURSDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں :

☆ تلنگانہ بھر میں حب الوطنی کے جذبہ کے ساتھ یوم آزادی منائی گئی۔

☆ وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے کھمم میں کسانوں کے زرعی قرض معاف کرنے کا تیسرا اور آخری مرحلہ جاری کیا۔ نیز انہوں نے ضلع کتہ گوڑم میں سیتاراما لیفٹ اریی گیشن پراجکٹ کو بھی معنون کیا۔

☆ اسرو کی جانب سے کل سری ہری کوٹہ سے تازہ ابزرویشن سیٹلائیٹ، EOS-08 داغا جائے گا۔

☆ تلنگانہ میں آئندہ تین دن کے دوران اوسط تا شدید بارش ہوسکتی ہے۔

☆☆☆☆☆

نائب صدر جگدیپ دھنکر کل جمعہ کو حیدرآباد کا دورہ کریں گے۔ وہ شہر میں واقع بھارت بائیوٹیک مرکز کا دورہ کریں گے۔ اس کے علاوہ جگدیپ دھنکر کنہا شانتی وانم بھی جائیں گے۔ وہ 17 اگست کو اکشرا ودیالیہ کیمپس اور اسٹیل ڈیولپمنٹ سنٹر کا دورہ کرنے کے علاوہ آندھراپردیش کے شہر نیلور میں واقع سوارنا بھارت ٹرسٹ اور فاؤنڈیشن کا دورہ کریں گے۔

☆☆☆☆☆

ضلع بھدرادری کتہ گوڑم میں وزیر اعلیٰ نے ایک بڑے دروازہ کی رونمائی انجام دی اور سیتاراما لیفٹ اریی گیشن پراجکٹ کو مالا کالا پلی منڈل کے موضع پوسوگوڑم کے نام کیا۔ انہوں نے دوسرے پمپ ہاؤز کی موٹر کا بٹن دباتے ہوئے گوداوری کے پانی کو کینل میں جاری کیا۔ بعدازاں میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے ریونت ریڈی نے یقین دلایا کہ مالی دباؤ کے باوجود سیتاراما پراجکٹ کو مکمل کیا جائے گا۔ انہوں نے اس پراجکٹ کی تکمیل میں دس برس تک تاخیر کرنے پر پچھلی حکومت کو تنقید کا نشانہ بنایا۔ سی ایم نے کہا کہ ان کی حکومت کے اقتدار میں آتے ہی زیر التواپراجکٹس کو چار حصوں میں تقسیم کیا گیا اور انہیں جنگی خطوط پر مکمل کرنے کے اقدامات کیے جارہے ہیں۔ اس موقع پر وزراء اُتم کمار ریڈی، سرینواس ریڈی اور ناگیشور راؤ نے کہا کہ اس بات کو یقینی بنایا جارہا ہے کہ کمانڈ علاقے میں ہر ایکر کو گوداوری سے آبپاشی کیلئے پانی حاصل ہوسکے۔

☆☆☆☆☆

ایک تحقیق میں یہ بات ظاہر ہوئی ہے کہ ہندوستان میں ہر طرح کے برانڈ کا نمک اور شکر چاہے وہ بڑے ہو یا چھوٹے، پیاک ہو یا کھلے، مائیکرو پلاسٹکس پر مبنی ہیں۔ اس سلسلہ میں ''نمک اور شکر میں مائیکرو پلاسٹک'' کے عنوان سے ماحولیاتی ریسرچ ادارہ ٹاکزیکس لنک کی جانب سے تحقیق کی گئی۔ تحقیق کے دوران دس قسم کے نمک کا جائزہ لیا گیا جبکہ پانچ طرح کی شکر کی جانچ کی گئی۔ تحقیق سے معلوم ہوا کہ نمک اور شکر کے تمام نمونوں میں مائیکرو پلاسٹک پائی جاتی ہے۔ مائیکرو پلاسٹک کی مقدار 0.1 ملی میٹر تا 5 ملی میٹر پائی گئی۔ عالمی سطح پر مائیکرو پلاسٹک کا مسئلہ تشویشناک بنا ہوا ہے کیوں کہ اس سے صحت اور ماحولیات پر اثر پڑتا ہے۔

☆☆☆☆☆

پرسار بھارتی کے چیئرمین نونیت کمار سہگل نے آج نئی دہلی میں واقع دوردرشن بھون میں قومی پرچم لہرایا۔ آکاش وانی کی ڈائرکٹر جنرل موسمی چکرورتی نے بھی نئی دہلی میں آکاش وانی کے احاطہ میں پرچم کشائی انجام دی۔ حیدرآباد میں آکاش وانی کیندر کے سربراہ ہری سنگھ (ڈی ڈی جی۔ ای این جی جی) نے بھی احاطہ میں پرچم کشائی انجام دی۔

☆☆☆☆☆

تلنگانہ کے وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے آج کہا ہے کہ ان کی حکومت زائد شرح سود پر فنڈس حاصل کرنے اور عوام پر حد درجہ بوجھ ڈالنے کی غلطی نہیں کرے گی۔ حیدرآباد میں واقع تاریخی قلعہ گولکنڈہ کے احاطہ میں قومی پرچم کشائی انجام دینے کے بعد اپنی یوم آزادی تقریر کے دوران وزیر اعلیٰ نے کہا کہ حکومت کی جانب سے پہلے سے ہی ریاست کے قرض کے ڈھانچہ کو صحیح کرنے کیلئے اقدامات کئے جارہے ہیں۔ سی ایم نے کہا کہ انہوں نے اپنے حالیہ دورہ امریکہ کے دوران عالمی بینک کے نمائندوں سے بات چیت کی جو کارآمد رہی۔ جس سے ریاست کی ترقی کیلئے کم شرح سود پر مالی مدد میں اضافہ کیا جائے گا۔ اس بات کا اظہار کرتے ہوئے کہ حکومت رعیّتو بھروسہ اسکیم کو شفاف طریقہ سے نافذ کرنے کیلئے رہنمایانہ خطوط تیار کررہی ہے، ریونت ریڈی نے اعلان کیا کہ اس اسکیم کے تحت زرعی مزدوروں کے لئے بھی 12 ہزار روپے کی مالی امداد کی جائے گی۔ ریونت ریڈی نے اس موقع پر کانگریس پارٹی کے انتخابی وعدوں کو پورا کرنے کو بھی اجاگر کیا جس میں خواتین کیلئے بسوں میں مفت سفر، غریبوں کو آروگیہ شری ہیلتھ اسکیم کے تحت دس لاکھ روپے، گیاس سلینڈر کی پانچ سو روپے میں فراہمی، مستحق افراد کو دوسو یونٹ تک مفت برقی، اندراماں ہاؤزنگ اسکیم اور کسانوں کے قرضہ جات کی معافی شامل ہے۔

☆☆☆☆☆

ہندوستانی خلائی تحقیقی ادارہ (اسرو) کی جانب سے کل سری ہری کوٹا سے تازہ ارتھ سیٹلائیٹ ای او ایس۔ 08 روانہ کیا جائے گا۔ یہ سیٹلائیٹ مائیکرو سیاٹ / آئی این ایس۔ 1 بس پر تیار کیا گیا ہے۔ جس میں تین پلے لوڈس ہیں۔

☆☆☆☆☆

حیدرآباد میں واقع نظامس انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسس (نمس) کے ڈاکٹرس نے آج ہیلتھ کیئر ورکرس کیلئے مرکزی تحفظ قانون (CPA) بنائے جانے کا مطالبہ کیا۔ نمس ہاسپٹل میں ڈاکٹرس کی ایک بڑی تعداد نے کولکتہ میں خاتون ڈاکٹر کی آبروریزی و قتل کے معاملہ میں اظہار یگانگت کرتے ہوئے مارچ کیا۔ اس کے علاوہ انہوں نے ہاسپٹل کے باہر راستہ روکو احتجاج بھی کیا۔

☆☆☆☆☆

آئی ٹی وزیر سریدھر بابو نے کریم نگر ضلع ہیڈکوارٹر کے پولیس پریڈ گراؤنڈ پر منعقدہ یوم آزادی تقریب میں بحیثیت مہمان خصوصی شرکت کی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت تلنگانہ کے کسانوں کو ملک بھر میں مثالی بنانے کیلئے نئے منصوبے بنارہی ہے اور رعیّتو بھروسہ، کسانوں کے قرضہ جات معاف کرنے کی اسکیم اور زرعی کمیشن قائم کرتے ہوئے اقدامات کررہی ہے۔

☆☆☆☆☆

میدک میں سرکاری مشیر کیشو راؤ نے پرچم لہرایا جبکہ ضلع کلکٹر راہول راج نے عمدہ خدمات انجام دینے والے عہدیداروں میں اسناد تقسیم کئے۔ اس موقع پر حکومت کی جانب سے عمل کی جانے والی مختلف اسکیمات کو بھی اجاگر کیا گیا۔

☆☆☆☆☆

یوم آزادی کے موقع پر ضلع عادل آباد کے 73 پولیس ملازمین کو ریاستی حکومت کی جانب سے کلکٹر غوث عالم کے ہاتھوں سیوا میڈلس عطا کئے گئے۔

☆☆☆☆☆

آبپاشی کے وزیر اُتم کمار ریڈی نے سوریا پیٹ ضلع ہیڈکوارٹرس کے پولیس پریڈ گراؤنڈ پر پرچم لہرایا جبکہ کلکٹر نند لال پوار نے اینٹی گریٹیڈ آفیسرس کے احاطہ میں پرچم کشائی انجام دی۔ سوریا پیٹ ٹاؤن میں ترنگا ریالی بھی نکالی گئی۔

☆☆☆☆☆

قانون ساز کونسل کے نائب صدرنشین بنڈا پرکاش نے کہا کہ کومارم بھیم سے تحریک پاتے ہوئے حکومت ''جل، جنگل اور زمین'' نعرہ کے ساتھ ریاست کی ترقی کیلئے کام کررہی ہے۔ انہوں نے آصف آباد ضلع ہیڈکوارٹر پر پرچم لہرایا۔

☆☆☆☆☆

ریاستی خواتین کمیشن کی صدرنشین این شاردھا نے پداپلی میں کلکٹریٹ کے احاطہ میں پرچم لہرایا۔انہوں نے اس موقع پر عمدہ خدمات انجام دینے والے 140 ملازمین میں سرٹیفکٹس تقسیم کئے۔

☆☆☆☆☆

وزیراعظم نریندر مودی نے آج کہا ہے کہ ان کی حکومت نے ویکست بھارت 2047 کو حقیقت کا روپ دینے کیلئے سخت فیصلے کئے ہیں اوراصلاحات شروع کئے ہیں۔ متواتر تیسری مرتبہ حکومت بنانے کے بعداس معیاد میں اپنی پہلی یوم آزادی تقریب کے دوران قوم سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کامن سیول کوڈ اورایک قوم ،ایک انتخابات جیسی تجاویز کونافذ کرنے کی ضرورت پر زوردیا۔خواتین کے خلاف بہیمانہ جرائم پرانتباہ دیتے ہوئے انہوں نے ریاستی حکومتوں سے کہا کہ عصمت ریزی کے کیسس میں ملوث خاطیوں کے خلاف سخت کاروائی کی جائے۔

☆☆☆☆☆

سیٹلائیٹ کوداغے جانے کیلئے تقریباً چھ گھنٹے پہلے الٹی گنتی کا عمل شروع ہوگا۔توقع ہے کہ یہ عمل کل صبح کی ابتدائی ساعتوں میں تقریباً 3 بجے شروع ہوگا۔

☆☆☆☆☆

آندھراپردیش کے وزیراعلیٰ چندرابابونائیڈو نے اندرا گاندھی میونسپل اسٹیڈیم وجئے واڑہ میں قومی پرچم لہرایا۔انہوں نے اپنے خطاب میں یہ بات واضح کی کہ ریاستی حکومت غربت کے خاتمہ کے لئے پرعزم ہے جبکہ عوام کے تعاون سے غربت کو بہ آسانی ختم کیا جاسکتا ہے۔نائیڈو نے کہا کہ ریاستی حکومت جلد ہی ،تلنگانہ حکومت کے ساتھ ریاست کی تقسیم کے معاملہ پر بات چیت کرے گی۔اے پی کے سی ایم نے آج یوم آزادی کے موقع پر ریاست بھر میں انا کینٹن اسکیم کو دوبارہ شروع کیا۔

☆☆☆☆☆

شہرحیدرآباد میں آج شام شدید بارش کا امکان ہے۔دفتر محکمہ موسمیات نے یہ بھی کہا ہے کہ راجندرنگر، گولکنڈہ،ٹولی چوکی، کاروان،مہدی پٹنم ، چارمینار، آرم گڑھ اورعطا پور علاقوں میں شدید بارش ہوسکتی ہے۔اسی دوران ریاست کے بیشتر اضلاع میں بھی آج صبح سے اوسط بارش درج کی گئی۔محکمہ موسمیات کے مطابق تلنگانہ میں مزید تین دن کے دوران بارش کا سلسلہ جاری رہے گا۔

☆☆☆☆☆

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے ضلع کھمم میں منعقدہ ایک جلسہ میں کسانوں کے قرضہ جات معاف کرنے کی تیسری اورآخری اسکیم جاری کی۔انہوں نے کہا کہ کسانوں سے دولاکھ روپئے قرض کی اسکیم تین اقساط میں مکمل کی جائے گی۔انہوں نے ان افراد سے مطالبہ کیا جنہوں نے انہیں چیلنج کیا تھا کہ اگر پندرہ اگست تک اس اسکیم پر عمل نہیں کیا گیا تب وہ مستعفی ہوجائیں۔نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرما آرکا نے کہا کہ آج کا دن تاریخ کا نہایت یادگار دن ہے۔اس موقع پر وزراء سرینواس ریڈی، ناگیشورراؤ، اُتم کمار ریڈی، کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی اوردوسرے موجود تھے۔

☆☆☆☆☆